پریس ریلیز

جنرل ہسپتال میں پروفیسر الفرید ظفر کے نام سے منسوب ''ریسپائریٹری کیئر کلینک'' کا آغاز

سانس اور استھما کی بیماریوں میں مبتلا بچوں کا روزانہ معائنہ و علاج کیا جائیگا

کلینک میں آنے والے بچوں کی ہر ہفتے برونکوسکوپی کی سہولت دستیاب ہوگی: پروفیسر فریاد حسین

لاہور 26 مئی :......جنرل ہسپتال کے شعبہ اطفال (پیڈیاٹرک ڈیپارٹمنٹ) میں بچوں کے لیے ایک جدید ریسپائریٹری کیئر کلینک کا باقاعدہ آغاز کر دیا جو شعبہ طب کی ممتاز شخصیت پروفیسر الفرید ظفر کے نام سے منسوب کیا گیا ہے۔ جس کا مقصد پروفیسر الفرید ظفر کی پیشہ ورانہ خدمات کو خراجِ تحسین پیش کرنا اور بچوں کی صحت کی دیکھ بھال کو مزید مؤثر بنانا ہے۔ اس کلینک میں ان بچوں کا خصوصی طور پر معائنہ، مشاہدہ اور فالواپ کیا جائے گا جو مختلف سانس کی بیماریوں میں مبتلا ہیں۔ ان بیماریوں میں دمہ (Asthma)، سسٹک فائبروسز (Cystic Fibrosis)، پھیپھڑوں کی ٹی بی (Pulmonary TB) اور دیگر پیچیدہ ریسپائریٹری امراض شامل ہیں۔

پیڈیاٹرک ڈیپارٹمنٹ یونٹ 2 کے پروفیسر ڈاکٹر فریاد حسین کے مطابق کلینک میں آنے والے بچوں کا روزانہ آؤٹ ڈور میں چیک اپ اور ہر ہفتے برونکوسکوپی کی سہولت فراہم کی جائے گی۔ ایسے مریض بچے جن کی بیماری کی تشخیص میں مشکلات درپیش ہوں، ان کی برونکوسکوپی کے ذریعے مزید جامع جانچ کی جائے گی، تاکہ بروقت اور درست علاج ممکن بنایا جا سکے۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ ریسپائریٹری کیئر کلینک نہ صرف بچوں کے لیے ایک بڑی سہولت ہے بلکہ والدین کے لیے بھی اطمینان کا باعث بنے گا۔ یہ کلینک جنرل ہسپتال میں بچوں کے سانس سے متعلق امراض کی تشخیص، علاج اور فالواپ کے حوالے سے ایک اہم پیش رفت ہے، جو صحت عامہ کے نظام کو بہتر بنانے کی جانب ایک مؤثر قدم ہے۔ پروفیسر فریاد حسین نے مزید کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق مریضوں کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائیں جائیں گے۔

☆☆☆☆